فوری ریلیز کے لیے: 11/8/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے مشکلات کا شکار بال بچے دار گھرانوں کے لیے 44.4$ ملین کی معاونت کا اعلان کیا

عالمگیر وباء میں ہنگامی معاونت کا فنڈ 218,300 سے زائد بچوں کی دوبارہ اسکول جانا شروع کرنے؛ نونہالوں کے لیے خوراک کی معاونت کے ذریعے مدد کرے گا

عوامی معاونت کے لیے اندراج شدہ گھرانوں کو 3 اور 17 سال کے درمیان عمر کے ہر بچے کے لیے 214$؛ 3 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے 150$ کی، ایک مرتبہ ادائیگی کی جائے گی

گورنر Kathy Hochul نے آج عالمگیر وباء کی وفاقی فنڈنگ کی مد میں 44.4$ ملین کی تقسیم کا اعلان کیا جو کہ نیو یارک کے مشکلات کا شکار بال بچے دار شہریوں کی بچوں کے دوبارہ اسکول جانا شروع کرنے اور ابتدائی عمر میں خوراک کے اخراجات کا احاطہ کرنے کے لیے ہوں گے۔ ریاست کے دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد (Office of Temporary and Disability Assistance) کے زیر انتظام چلنے والا عالمگیر وباء میں ہنگامی معاونت کا فنڈ (Pandemic Emergency Assistance Fund)، عوامی معاونت حاصل کرنے والے نیو یارک کے شہریوں کو ان کے گھرانے کے 3 اور 17 سال کے درمیان عمر کے ہر بچے کے لیے 214$ اور 3 سال سے کم عمر کے ہر بچے کے لیے 150$ کی رقم کی، ایک مرتبہ ادائیگی کرے گا۔

"نیو یارک کے سخت محنت کرنے والے خاندان ابھی تک عالمگیر وباء کا معاشی بوجھ محسوس کر رہے ہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "جبکہ نیو یارک کے شہری اس موسم خزاں میں اپنے بچوں کو دوبارہ اسکول بھیجنے کی تیاری کر رہے ہیں، ایک مرتبہ دی جانے والی یہ رقوم ریاست بھر کے مشکلات کا شکار خاندانوں کی تعلیم سے متعلقہ سازوسامان اور ان دیگر گھریلو اخراجات کی ادائیگی میں مدد کریں گی جو بصورت دیگر ان کے گھریلو بجٹ پر بوجھ بنتے۔ یہ ایک اور ایسا اقدام ہے جو ہم عالمگیر وباء سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے سخت محنت کرنے والے خاندانوں کی روز مرہ اخراجات میں کمی لانے میں مدد کے لیے کر رہے ہیں"

12 اگست سے، OTDA عوامی معاونت کے ان وصول کنندگان کو ایک مرتبہ 214$ کی ادائیگیاں جاری کرے گا، جن کا 3 اور 17 سال کے درمیان عمر کا بچہ ہو۔ کل ملا کر، یہ ایجنسی تقریباً 39.3$ ملین تقسیم کرے گی، جن سے لگ بھگ 184,000 بچوں کے لیے فوائد مہیا ہوں گے۔

اس ہی دوران، OTDA عوامی معاونت حاصل کرنے والے گھرانوں کو نونہالوں کی خوراک کے اخراجات میں معاونت کے لیے 3 سال یا اس سے کم عمر کے ہر بچے کے لیے 150$ تقسیم کرے گی۔ ایجنسی کو لگ بھگ 34,300 اہل بچوں میں تقریباً 5.1$ ملین تقسیم کرنے کی توقع ہے۔

عالمگیر وباء میں ہنگامی معاونت کا فنڈ، 2021 کے امریکن ریسکیو پلان ایکٹ کے ایک حصے کے طور پر COVID-19 کی عالمگیر وباء سے متاثرہ ضرورت مند خاندانوں کی معاونت کی نیت سے بنایا گیا تھا۔ وفاقی رہنما ہدایات کے مطابق، یہ فنڈنگ لازمی طور پر، بال بچے دار متاثرہ گھرانوں کو مختصر مدت کی کسی مخصوص صورتحال یا ضرورت سے نمٹنے کے لیے، دہرائے نہ جانے والے فوائد جاری کرنے کے لیے استعمال کی جانی چاہیے۔

عوامی معاونت کم آمدنی والے افراد اور خاندانوں کو بنیادی ضروریات، جیسے رہائش، پوری کرنے میں مدد کرنے کے لیے ماہانہ گرانٹس فراہم کرتی ہے۔ یہ پروگرام نیو یارک کے بہت کم اجرت پانے والے کارکنوں اور بچوں کے ساتھ ساتھ 500,000 سے زائد ایسے شہریوں کی مدد کرتا ہے جو عارضی طور پر بے روزگار ہوں یا کام کرنے کے قابل نہ ہوں۔

دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا، "ضروریات پوری کرنے میں پہلے سے ہی مشکلات کا شکار خاندانوں کے لیے، تعلیم کے سازوسامان اور اسکول سے متعلقہ دیگر اشیاء کی خریداری کے اخراجات، اپنے بچوں کو اس موسم خزاں میں دوبارہ اسکول بھیجنے والے خاندانوں کے لیے واضح مالی تنگی پیدا کر سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ فراہم کی جانے والی یہ ادائیگیاں عوامی معاونت وصول کرنے والے گھرانوں کے لیے ایسے وقت میں ان اخراجات کو پورا کریں گی جبکہ ان میں سے بہت سارے ابھی تک عالمگیر وباء کے منفی اقتصادی اثرات سے نبرد آزماء ہیں۔"

نمائندہ Brian Higgins نے کہا، "چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کیے لیے پیشگی فراہم شدہ ادائیگیوں کے معاملے میں ہم نے دیکھا کہ مشکلات کا شکار خاندانوں کے لیے اضافی وسائل کتنا زیادہ فرق ڈال سکتے ہیں۔ گورنر Hochul کا اس وفاقی فنڈنگ کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت رکھنے والے خاندانوں کے لیے براہ راست مختص کیے جانے میں قائدانہ کردار لنچ بکسوں میں کھانا پہنچانے، بیک پیکس میں سازوسامان پہنچانے اور طلباء کو اسکول کا نیا سال شروع کرنے کے لیے کپڑے اور جوتے دلوانے مددگار ہو گا۔"

نمائندہ Adriano Espaillat نے کہا، "اس وقت ہمیشہ سے زیادہ اہم ہے کہ ہم روزمرہ مشکلات سے نمٹنے میں پریشانی کا شکار نیو یارک کے خاندانوں کی معاونت کریں -- خاص طور پر جبکہ کمیونٹیز کی عالمگیر وباء سے بحالی جاری ہے اور جبکہ بچے اور خاندان نیا تعلیمی سال شروع کر رہے ہیں۔ میں کانگریس کا عالمگیر وباء کا اضافی فنڈ مختص کرنے پر گورنر Hochul کا مشکور ہوں، جس کو میں نے آگے بڑھانے میں مدد دی، تاکہ میری پوری ڈسٹرکٹ میں پھیلے سب سے کمزور باسیوں میں سے کچھ کی معاونت ہو سکے۔ یہ اضافی ادائیگیاں ہماری ریاست بھر میں خاندانوں کی، ماہانہ اخراجات پورے کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے ذریعے معاونت کرے گی کہ بچے آئندہ تعلیمی سال کے لیے تیار ہوں۔"

عالمگیر وباء میں ہنگامی معاونت کا فنڈ پہلے ہی نیو یارک کے کم آمدنی والے لاکھوں شہریوں کی بنیادی ضروریات کے حوالے سے مدد کر چکا ہے۔ فروری میں، OTDA نے اس فنڈ میں سے اندازاً 19 ملین حاصل کیے تاکہ عوامی معاونت یا سپلیمینٹل نیوٹریشن اسسٹنس پروگرام میں اندراج شدہ گھرانوں کو 3 سال یا اس سے کم عمر کے ہر بچے کے ڈائپرز کا خرچ اٹھانے کے لیے 140$ فراہم کیے جائیں۔

اپریل میں اس فنڈ نے 28,000 سے زائد کثیر نسلی گھرانوں کو فوڈ بینیفٹس کی مد میں 730$ فراہم کیے۔ ایک دفعہ فراہم کی جانے والی ان ادائیگیوں نے ریاست بھر میں موجود خاندانوں کو تقریباً 21.3$ ملین فراہ کر کے 55 سال سے زیادہ عمر کے تقریباً 31,500 بالغ افراد کی مدد کی۔

مئی میں، عوامی معاونت وصول کرنے والے وہ خاندان جن کا 17 سال یا اس سے کم عمر کا بچہ ہو، ان کو فنڈ سے 250$ رہائش کے اخراجات، بلز اور دیگر انتہائی لازمی ضروریات کی ادائیگی کے لیے وصول ہوئے۔ لگ بھگ 110،000 گھرانوں کو کُل 27$ ملین سے زیادہ کی ادائیگیاں کی گئیں، جن سے 216,000 سے زیادہ بچوں کو معاونت ملی۔

OTDA نے ریاست کے خانگی تشدد کی روک تھام کے دفتر کے ساتھ مل کر بھی گھریلو تشدد کا شکار ہونے والے کم آمدنی والے افراد کو فنڈ کے ذریعے مالی معاونت فراہم کرنے کے لیے کام کیا۔ اس کاوش کے نتیجے میں، ایجنسی اس قابل ہوئی کہ گھریلو تشدد کا شکار ہونے والے افراد اور ان کے اہل خانہ کی مدد کے لیے 12.5$ ملین فراہم کر سکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں